© rasailojaraid.com



# تعلیم وتربیت کے سنہری اصول

## (اساتذہ کی خدمت میں چند گزارشات)

ڈاکٹر ایچ رشید احمد قاضی☆

حقیقت میں تبلیغ اور تعلیم ایک ہی چیز ہیں۔ خاص کر ایسے شخص کے لیے جو مذہب وسیاست کو بالکل الگ اور ایک دوسرے سے آزاد چیزیں نہ سمجھتا ہو، معلم اول اللہ کی ذات ہے۔ (۱) جس نے علم کی بدولت حضرت آدم علیہ السلام کو دیگر مخلوقات پر فضیلت دی۔ (۲) اسی فضیلت کی بدولت حضرت سلیمان علیہ السلام کے مصاحب نے بلقیس کے تخت کو پلک جھپکتے میں حاضر کر دیا۔ (۳) نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا میں بھیجے جانے کا مقصد تعلیم کتاب وحکمت کو قرار دیا گیا۔ (۴) اور واضح اعلان فرمادیا:

يَرْفَعُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٌ۔ (۵)

جنہیں ایمان کی دولت کے ساتھ علم کی دولت بھی مل گئی ان کے درجات تو بہت ہی زیادہ بلند ہیں۔

مزید یہ کہ جاہل اور عالم کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔ (۶) آپ پر وحی کا آغاز ہی علم اور ذریعہ علم یعنی قلم کے ذریعہ کیا گیا۔ (۷) یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے معلم کے منصب کو نمایاں کرنے کے لئے فرمایا: اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّماً۔ (۸) میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں اور علماء کو اپنا وارث قرار دیتے ہوئے اعلان کیا: اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ۔ (۹) نہ عابد وارث ہیں نہ مالدار صرف علماء وارثین نبوت ہیں، معلم کی فضیلت بیان کرتے ہوئے حضرت ابوذرؓ کو نصیحت

☆ ہمدرد یونیورسٹی، کراچی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی:

یَا اَبَاذَرِ لَانْ تغدُوَ فَتَعَلَّمَ آیَةً مِنْ کِتَابِ اللّٰهِ خَیْرٌ لَّکَ مِنْ اَنْ تُصَلِّیَ مِائَةَ رَکْعَةً۔ (۱۰)

اے ابوذر تمہارا کسی کو ایک قرآنی آیت کی تعلیم دینا ایک سو نفل نمازیں پڑھنے سے بہتر ہے۔

ابودرداءؓ سے روایت ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰی سَائِرِ الْکَوَاکِبِ (۱۱)

عالم کو عبادت کرنے والے پر اسی طرح فضیلت حاصل ہے جیسے چاند کو تمام ستاروں پر فضیلت حاصل ہے۔

حتی کہ علم کو مال سے بھی افضل قرار دیا گیا، بخاری کی روایت ہے: آپ ﷺ نے ایک نکاح میں مال کی جگہ قرآنی سورتوں کو مہر قرار دے کر نکاح کر دیا۔ (۱۲) جنگ بدر میں اسیرانِ بدر سے مال کے بدلہ تدریس کا فریضہ ادا کر کے اسے مال کے قائم مقام کر دیا حالانکہ اس وقت مسلمانوں کو علم کے مقابلہ میں مال کی زیادہ ضرورت تھی، حضرت علیؓ کا قول ہے:

اَلْعِلْمُ خَیْرٌ مِنَ الْمَالِ اَلْعِلْمُ یَحْرُسُکَ وَاَنْتَ تَحْرُسُ الْمَالُ (۱۳)

علم مال سے بہتر ہے، علم تمہاری حفاظت کرتا ہے اور مال کی تمہیں حفاظت کرنی پڑتی ہے۔

حضرت سلمان فارسیؓ کا قول ہے علم اس خزانہ کی طرح ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔ (۱۴) حضرت ابوالاسود ارشاد فرماتے ہیں:

لَیْسَ شَیْیٌ اَعَزُّ مِنَ الْعِلم ، اَلْمُلُوکُ حُکَّامٌ عَلَى النَّاسِ وَالْعُلَمَاءُ حُکَّامُ عَلَى الْمُلُوکِ۔

علم سے زیادہ عزت والی کوئی چیز نہیں۔ حکمراں لوگوں پر حکومت کرتے ہیں اور اہل علم حکمرانوں پر حکومت کرتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت ابن عباسؓ ارشاد فرماتے ہیں:

خُيِّرَ سُلَيمان بن داؤد عليهما السَّلام بَين العلمِ وَالمَال وَالمُلكِ فَاختار العلمِ، فاعطى المالِ و الملك معه۔(۱۵)

حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کو علم، مال اور حکومت میں اختیار دیا گیا (کہ کسی ایک کو اپنے لئے پسند کرلیں)۔تو (حضرت داؤد علیہ السلام) نے علم کو پسند کیا۔تو مال وحکومت بھی انہیں اس کے ساتھ دے دیا گیا۔

صحابہ کرامؓ اور دیگر کے مندرجہ بالا ارشادات سے اسلام میں علم کی جو قدر ومنزلت ہے اس کا کچھ اندازہ ہوتا ہے لیکن جو چیز اسلامی نقطۂ نظر کو ایک امتیازی شان عطا کرتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیمی انقلاب کا اہم حصہ ہے وہ آپ کے تصورِ علم کی ہمہ گیری اور اس کے دینی واخلاقی عناصر کی مقابلتاً زیادہ اہمیت وبرتری ہے۔حضرت علیؓ فرماتے ہیں:

رضينا قسمة الجبار فينا، لنا العلم و للجهال مال

لان المال يفنى عن قريب وان العلم باق لا يزال

ہم اللہ پاک کی اس تقسیم پر راضی ہیں کہ ہمیں علم ملا اور جاہلوں کو مال مل گیا، کیونکہ مال جلدی ختم ہوجائے گا مگر علم باقی رہے گا کہ اُسے زوال نہیں۔

## مستشرقین کا اعتراف

مصر کے مشہور اخبار ایجپٹ (Egypt) میں ایک عیسائی عالم نے لکھا تھا: ہم عیسائیت اور اسلام کا مقابلہ کرتے ہیں تو ایک نمایاں فرق یہ نظر آتا ہے کہ عیسائی مذہب کے راستہ میں جب علوم وفنون آگئے تو اس نے نہایت بے دردی کے ساتھ ان کو پامال کیا، لیکن اسلام نے خود علوم وفنون کی بنیادیں قائم کیں، اور عیسائیت ومجوسیت نے جن شائقینِ علوم کو شوقِ علم کے جرم میں جلاوطن کیا اسلام نے انہیں اپنے دامن میں پناہ دی، جس طرح عیسائیت علم وتمدن کے میدان میں اسلام کے دوش بدوش نہیں چل سکتی اسی طرح اخلاقی حیثیت سے بھی اسلام کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔(۱۶) مشہور محقق ومذہبی مصنف موسیو لیبلی کا قول ڈاکٹر گستاولی بان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے اپنی کتاب ''تمدن عرب'' میں نقل کیا ہے کہ اسی قدر کہنا کافی ہے کہ وہ مسلمان قوم جس کو تعلیم دینے کا دعویٰ یورپ کر رہا ہے، فی الواقع وہ قوم ہے جس سے خود اسے سبق لینا چاہیے۔(۱۷)

تاریخ عالم کی یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ علم کی قدر ہمیشہ سے دنیا کی ہر مہذب قوم کرتی چلی آ رہی ہے۔ اس امر کو بھی اچھی طرح سمجھ لیا گیا ہے کہ کوئی قوم اس وقت تک سر بلند اور کامیاب و کامران ہو ہی نہیں سکتی، جب تک اس میں شعور اور علم و عمل کی قوتیں بدرجہ کمال بیدار نہ ہو جائیں لہٰذا تعلیم ہی وہ واحد ایسا ذریعہ ہے جس کی بدولت انسان کی تمدنی اور اخلاقی ترقی ہو سکتی ہے۔ جو انسانی تخلیق کا ایک اعلیٰ مقصد ہے۔

تعلیم دراصل ایک ایسی ذہنی و دماغی اور علمی تربیت کا نام ہے، جس کے ذریعہ انسان کی فطری قوت و صلاحیت کو ابھار کر سنوارا اور منظم کیا جاتا ہے اور انسانی جذبات و حسیات کو ایک عمدہ اور اعلیٰ نصب العین کے تحت لا کر مہذب اور شائستہ بنایا جاتا ہے۔ تاکہ نوع انسانی کے لئے مفید ثمرات بروئے کار لائے جا سکیں۔

اس ضمن میں اساتذہ اور والدین ہمیشہ سے مستقبل کے انسان کی تعلیم و تربیت اور شخصیت کی تعمیر و ترقی کی اس بڑی اور اہم ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اپنی اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق حتی المقدور کوشاں رہتے ہیں۔ البتہ اساتذہ کا یہ وصف اور خوبی ہے کہ وہ یہ ادراک رکھتے ہیں کہ طلبہ کے ذہنوں میں کیا کیا تحریکیں نشو و نما پاتی رہتی ہیں، وہ اپنے اساتذہ اور ماحول سے کس طرح متاثر ہوتے ہیں نیز طلبا میں عمر کے ارتقاء کے ساتھ کیسے ذہنی تغیرات وقوع پزیر ہو رہے ہوتے ہیں۔ اِن کی فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کو بیدار کر کے کس طرح جلا بخشی جاتی ہے اور ان کے اخلاقی کردار کو کیونکر سنوارا جا سکتا ہے۔

جب اساتذہ خلوص نیت اور محبت و شفقت سے طلبہ کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرتے ہیں، تو انہیں بھی اندازہ ہونے لگتا ہے کہ انکے اساتذہ نہ صرف ان کے ہمدرد و خیر خواہ ہیں بلکہ وہ ایک بلند مرتبہ پر فائز ہیں۔ یوں اساتذہ کے قول و فعل اور عمل سے نہ صرف سیکھنے سکھانے کا عمل جاری رہتا ہے۔ بلکہ احترام انسانیت کا تعلق بھی استوار ہو کر مضبوط ہوتا چلا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جاتا ہے۔

اساتذہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ طلبا کے ماحول، استعداد، مزاج کو سمجھتے ہوئے ان میں علم وعمل کو آگے بڑھانے میں دلچسپی لیں، اور انہیں احساس دلائیں کہ ان کی ذات میں بہت کچھ بننے کی صلاحیت موجود ہے۔ اساتذہ، طلبہ کو کبھی بھی اشارہ، کنایہ یا اپنے رویہ سے یہ نہ ظاہر ہونے دیں کہ فلاں طالبعلم ذہنی طور پر کچھ کمزور ہے۔ پوری طرح بات نہیں سمجھتا، اس طرح ہوسکتا ہے کہ وہ پڑھائی سے مایوس ہو جائے، جب ہم یہ سمجھتے ہیں کہ طلبا کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے اساتذہ کو اہمیت دیں اور ان کا ادب اور احترام ملحوظ خاطر رکھیں، تو اساتذہ کے لئے بھی لازمی ہو جاتا ہے کہ وہ طلبہ کے ذہنی، علمی اور اخلاقی معیار کو بہتر اور بلند بنائیں۔

## تربیت کے مآخذ اور تربیت کی اہمیت:

تربیت کے مآخذ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ہیں۔ (۱۸) اس کی اہمیت کا اسی سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ قرانِ اول سے آج تک بے شمار کتابیں مستقلاً اس موضوع پر لکھی جاچکی ہیں۔ (۱۹) صحاح ستہ اور دیگر کتب احادیث میں ''کتاب الادب'' کے نام سے مستقلاً اس موضوع پر احادیث جمع کی گئی ہیں۔ تمام بڑے مسلم مفکرین ابن خلدون، ابوعلی سیناؒ امام غزالیؒ، قاضی ابن جماعۃؒ وغیرہ نے اپنی معرکۃ الارآء کتب میں طلبہ کی نفسیات اور ان کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے قلم اٹھایا ہے۔ (۲۰) لیکن مغرب نے صرف تعلیم کو پیش نظر رکھا ہے۔ اور تربیت کو لوگوں کا ذاتی معاملہ قرار دے کر آزاد چھوڑ دیا ہے جس کے نتائج ہمارے سامنے ہیں۔ (۲۱) اس کے برخلاف سعودی عرب میں وزارت تعلیم کا نام ''وزارۃ التعلیم والتربیۃ'' ہے اور اسی کا ذیلی ادارہ ''التوعیۃ الاسلامیۃ ہے جس کا کام طلبہ کی تربیت کرنا اور تربیت کے مختلف پروگرام کا انعقاد کرنا ہے۔ (۲۲)

تربیت کا ماحول و مربی سے تعلق: اسلام ماحول و مربی دونوں کو ذمہ دار قرار دیتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

کلّ مولود یولد علیٰ فطرته ثم ابواه یهوّدانه اوینصّرانه (۲۳)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہر شخص اسلام کی فطرت لے کر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اس کا ماحول اس کی تربیت کر کے اس کو یہودی، نصرانی یا کچھ اور بنا دیتے ہیں۔ ماحول سے ہی تربیت ہوتی ہے اور ماحول بنانے کے ذمہ دار معاشرہ کے تمام طبقے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔

کلّکم راع و کلّکم مسئول عن رعیتہ۔ (۲۴)

میں سے ہر شخص اپنے ماتحتوں کا ذمہ دار ہے اور قیامت کے دن اس سے باز پرس ہوگی میں سمجھتا ہوں سب سے زیادہ ذمہ دار اساتذہ ہیں۔

ڈاکٹر احمد شلبی لکھتے ہیں ہر انسان کے تین باپ ہوتے ہیں ایک وہ جس نے اسے پیدا کیا دوسرا وہ جس نے پرورش کی تیسرا وہ جس نے تعلیم دی اور تیسرے کا درجہ سب سے افضل ہے۔ (۲۵) اسلام میں اس فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ سب سے زیادہ ذمہ داری انہی اساتذہ کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے لیکن انگریز سامراج کے قائم کردہ نظام تعلیم کی بدولت ایک معمولی درجہ کی چیز بنا دیا گیا ہے۔ (۲۶) انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجز کے مطابق اساتذہ کی تذلیل کا سلسلہ یونان کے المیہ ڈراموں سے شروع ہوتا ہے کیونکہ ان میں اساتذہ کا کردار ہمیشہ مضحکہ خیز ہوا کرتا تھا۔ (۲۷) مغربی اقدار کی آمد کے نتیجے میں ہمارے معاشرے میں بھی اساتذہ کے ساتھ سلوک بہتر نہیں رہا۔ لہٰذا ہمیں تربیت کا دائرہ وسیع کرنا ہوگا۔

تین طبقوں کو تربیت کی ضرورت ہے، ہم کہیں گے تربیت کے تین اہم طبقے محتاج ہیں سب سے پہلے معاشرہ کی تربیت کی ضرورت ہے تاکہ وہ استاذ کے مقام اور اس کی اہمیت کو سمجھ سکے اس کے بعد اساتذہ کی تربیت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں مکمل طور پر ادا کریں پھر طلبہ کی تربیت کی ضرورت ہے تاکہ وہ مستقبل کی ذمہ داریاں بحسن وخوبی سنبھال سکیں۔

اساتذہ کو نہ صرف اپنی نیت پر بلکہ اپنے اقوال وکردار پر بھی خصوصی نظر رکھنی چاہیے اور کبھی اپنے آپ سے غافل نہیں رہنا چاہئے، اس لئے کہ غیر محسوس طور پر استاذ کا اخلاق و کردار شاگردوں پر اثر انداز ہوتا ہے، اور طلبا خاموشی کے ساتھ ان پر نظر رکھتے ہیں، اساتذہ کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


چاہئے کہ وہ اس بات کی بھرپور کوشش کریں کہ وہ اپنے مطالعہ کو وسیع کرتے رہیں، پوری تیاری کے ساتھ کمرہ جماعت میں آئیں۔ تمام جدید تعلیمی نفسیاتی طریقے اختیار کر کے طالبعلم کو پوری طرح سے علم حاصل کرنے کی طرف راغب کریں، ان کے مسائل کے حل کیلئے غور و فکر اور سوچ و بچار سے کام لیں اور آسان حل پیش کریں۔ ان سے تعلیم کے حصول میں دلچسپی لینے کا مطالبہ کریں، طلباء کو بلاوجہ کسی الجھن میں نہیں ڈالنا چاہئے، کیونکہ جب وہ اپنی محدود استعداد، صلاحیت اور سمجھ بوجھ سے ایسی الجھنوں اور مشکلات سے نہیں نکل سکیں گیں تو نتیجتاً فرار کا راستہ اختیار کر سکتے ہیں۔

امام غزالی کے تعلیمی نظریات کا مطالعہ اس بات کا غماز ہے کہ آپ نے درس و تدریس کے جو طریقے تجویز کیے ہیں وہ اصول نفسیات کے عین مطابق ہیں۔ جنکی افادیت تسلیم کرتے ہوئے یورپ کے ماہرین تعلیم نے بھی انہیں اپنانے کی سفارش کی۔ آپ نے ان اصولوں میں سے ایک اصول یہ بھی دیا ہے کہ طلبہ کو انکی سابقہ معلومات کی مدد سے نیا سبق ذہن نشین کرایا جانا چاہیے۔ ہربرٹ نے بھی انہی اصول تدریس کی سفارش کرتے ہوئے بچوں کے اسباق کو دلچسپ بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نیز سبق کو آسان اور طلبا کی صلاحیت و قابلیت کے مطابق ہی ہونا چاہیے۔ تدریس کے یہ وہ زریں اصول ہیں جن کی یورپ کے ماہرین تعلیم ہربرٹ پستالوزی وغیرہ نے تقریبا سات سو سال کے بعد سفارش کی ہے۔

ہم ضرور چاہیں گیں کہ اسلامی تعلیم و تربیت اور تہذیب و اخلاق کے لحاظ سے ہمارے اعمال و افعال مثالی، اللہ تعالی کی خوشنودی کے مطابق اور حضرت محمد ﷺ کی مکمل اتباع میں ہوں اور ہم سب کی مسرتوں کا موجب بنیں، تو اس مقصد کے لئے ہمیں اپنی معاشرتی زندگی پر بھی نظر ڈالنی ہوگی۔ ہمیں اپنے طلبا کے مجلسی آداب کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے، یعنی انہیں اٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے دل لبھانے والے انداز سکھانے چاہئیں، مگر یہ تمام معاملات کبھی بھی صرف زبانی بتا دینے سے حل نہیں ہوتے۔ کیونکہ اسلامی زندگی کا سلیقہ سیکھنے کے لئے بھی عملی نمونہ درکار رہتا ہے تا ہم ہمیں طلبا و طالبات کو اپنے احساسات اور مشاہدات پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


بھروسہ کرنا سکھانا چاہیے، ان کے احساسات اور مشاہدات میں بے موقع مخل نہ ہوا جائے۔ نہ ان پر بلاوجہ اپنی غیر ضروری پسند، ناپسند کا بوجھ ڈالا جائے۔

طلبا کو حتی الامکان پہلے تو ذہنی وجسمانی سزا دینے سے مکمل گریز کیا جائے، اگر انتہائی ضروری ہو تو نہ چاہتے ہوئے کبھی کبھار ہلکی پھلکی سزا صرف اس لئے دی جائے کہ طلبا و طالبات ناپسندیدہ عادات واطوار چھوڑ دیں، اور انہیں ان بُرے کاموں سے دلی اور ہمیشہ کے لئے نفرت ہو جائے۔ وہ اپنے اساتذہ کو اپنا محسن سمجھنے لگیں۔ جس طرح ہم یہ روز اول سے سمجھتے ہیں کہ اساتذہ کو عزت ووقار حاصل ہے اور دوسروں کے سامنے رسوا ہونا انہیں گوارہ نہیں ہوگا۔ اسی طرح شاگرد بھی اپنی عزت نفس رکھتے ہیں، جب وہ ناسمجھی میں اپنی پڑھائی لکھائی پر توجہ نہیں دیتے تو انہیں سزا ملتی ہے۔ تو گویا ان کی عزت اور انا پر ضرب پڑتی ہے۔ لہٰذا جب وہ ہمارے سلوک سے اس بات کو سمجھ جائیں کہ پڑھنے میں ہی فائدہ ہے، تو یہ احساس دلانا ہی ہمارا اصل مقصود ہونا چاہیۓ۔ اب اگر ان کی عزت نفس بار بار بلاوجہ مجروح ہوگی، تو بچے سمجھنے لگتے ہیں کہ اساتذہ کی نگاہ میں ان کی کوئی عزت ووقعت نہیں ہے۔ ان حالات میں نرم ونازک کلام بے اثر ہوتا چلا جاتا ہے۔

ایک دوسرے پہلو پر اگر غور کیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ طلبا و طالبات یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ سزا دینے والے کے دل میں ان کے لئے ذرہ بھر بھی محبت اور ہمدردی نہیں ہے، گویا جب استاذ کے دل میں ان کے لئے محبت نہیں ہے تو وہ کیونکر ان کی محبت کا دم بھریں۔ ہدایات پر کیوں بلا چوں چرا عمل کریں۔ اور ان کی فرمانبرداری کیسے کریں۔ ان حالات میں ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ایسی سزا دراصل طلبا کے لئے خرابی کا موجب بن رہی ہوتی ہے۔ جب کمسن طلبا و طالبات کو پٹنے اور مار کھانے کی خدانخواستہ عادت ہو جائے، تو ان کے لئے سزا کوئی بُری چیز نہیں رہتی، بلکہ وہ سزا کو معمولی بات سمجھنے لگتے ہیں۔ اب سزا سے بچنے کی نہیں بلکہ پڑھائی سے دور بھاگنے کی تدبیریں سوچنے لگتے ہیں، چنانچہ وہ مہارت اور دلیری کے ساتھ اپنے ہی نقصان میں آگے بڑھنا شروع کر دیتے ہیں، لہٰذا اُس وقت اصلاح احوال مشکل ہو سکتی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہمیں یہ بھی سمجھنا چاہئے کہ اگر صبح ہی سے درس گاہ میں غصہ بھری، کڑوی کسیلی باتوں کی گرجدار آوازیں اٹھ رہی ہوں تو ایسے ماحول میں طلبا اپنا ذہن کیسے متوازن رکھ سکیں گے؟ یہ سوچنا کہ طلبا کوئی ایسا غلط کام ہی نہ کریں کہ انہیں سزا دینی پڑے، یہ انتہائی خطرناک بات ہے۔ البتہ یہ تو ہوسکتا ہے کہ بعض اوقات سزا کو موقوف کردیا جائے۔ لہذا اس نازک لمحہ میں پوری طرح اپنے ہی جذبات کو قابو میں رکھنا ہوگا۔ کیونکہ تمام بچے ہر شرارت جان بوجھ کر نہیں کرتے ،بعض باتیں ان سے ایسی اچانک سرزد ہوجاتی ہیں کہ پہلے سے انہیں ان کی خبر ہی نہیں ہوتی۔ ان حالات میں سزا دینا انہیں خوفزدہ کرنے کے مترادف ہوگا۔ اس موقع پر نہ صرف یہ کہ ہم صحیح سمت میں ان کی تربیت کے لئے کچھ نہیں کرتے بلکہ ہم ان کے ساتھ بلاوجہ زیادتی کرنے کے مرتکب ہورہے ہوتے ہیں۔

سزا کا کسی صورت بھی ضرورت سے زیادہ اور بے محل ہونا اسلامی تصور تعلیم کے منافی ہے۔ ان حالات میں اپنی صلاحیتوں کو بھی بروئے کار لانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنے بڑوں سے ان معاملات میں مشورہ کرنا، اور وہ طریقے اختیار کرنا جن سے طلبا میں صحیح اور غلط کا شعور پیدا ہوجائے اور وہ راہ راست پر آجائیں، نہایت مفید رہتا ہے۔ بیکار اور غلط کاموں سے انہیں نفرت ہونے لگے، انہیں احساس ہوجائے کہ انہوں نے کوئی ناپسندیدہ کام کیا ہے۔ ہمیں تمام حالات میں حتی الوسع عفوو درگزر سے کام لینا چاہیے۔ پیار محبت اور موقع ومحل کی مناسبت سے خلوص نیت کے ساتھ طلبا کی اصلاح کے لئے سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا چاہیے، بلکہ ہمیشہ معاف کرنے کی روش کو اختیار کرنا چاہئے۔ ٹھنڈے دل سے غور کرکے خود فیصلہ کرنا چاہئے کہ اگر ہم نے ناسمجھی یا غصہ میں بلاوجہ سزا دے دی تو ہمارے اس عمل کا ردعمل کیا ہوسکتا ہے؟

ان چند امور کا خیال رکھتے ہوئے جب اساتذہ کرام تعلیم وتربیت کی طرف متوجہ ہوں گے تو انشاء اللہ تعالی پھر کوئی وجہ نہیں کہ ان کے تلامذہ ان سے والہانہ محبت نہ کریں، ان کی ہدایات پر عمل نہ کریں، انہیں اپنا آئیڈیل نہ بنائیں، ان کا نام روشن نہ کریں، اور ان کے لئے دعائے خیر نہ کریں، اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ نہ دیں، اور ان کی مخفی صلاحیتیں اجاگر نہ ہوں۔ اور ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی محنت وکوشش رنگ نہ لائے اور وہ کامیاب وکامران نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حسن نیت، حسن عمل اور حسن کارکردگی کی توفیق اور نسل نو کی پوشیدہ صلاحیتوں کو بطریق احسن بروئے کار لانے کی سعادت بخشیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

## حواشی وحوالہ جات


۱۔ سورہ البقرہ: آیت ۳۱،

۲۔ سورہ البقرہ: آیات ۳۱اور ۳۳،

۳۔ سورہ النمل: آیت ۴۰، میں دعویٰ کے الفاظ ہیں۔ آتِیکَ بِہٖ قَبلَ اَن یَّرتَدَّ اِلَیکَ طَرفُکَ۔

۴۔ تین مقامات پر مقاصد بعثت کی نشاندہی کی گئی ہے۔ پہلی سورۃ البقرۃ: آیت ۱۲۹، دوسری سورہ آل عمران: آیت ۱۶۴، تیسری سورہ الجمعۃ: آیت ۲ میں،

۵۔ سورۂ المجادلۃ: آیت ۱۱،

۶۔ سورۂ الزمر: آیت ۹،

۷۔ سورۂ العلق: آیت ۱۔۴،

۸۔ ابن ماجہ، ابوعبداللہ محمد بن یزید/ سنن ابن ماجہ/ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۳۹۵ھ/ ج ۱،ص ۸۳/ باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم،

۹۔ ابوداؤد، سلیمان بن اشعث/ صحیح سنن ابوداؤد/ محمد ناصرالدین البانی/ مکتبہ التربیۃ العربیۃ لدول الخلیج ۱۴۰۹ھ/ ج ۲،ص ۶۹۴ حدیث نمبر ۹۶ ☆ اور صحیح البخاری محمد بن اسماعیل بخاری، باب العلم قبل القول والعمل الصحیح، ج ۱،ص ۱۸۹،

۱۰۔ ابن ماجہ، ابوعبداللہ محمد بن یزید سنن/ ابن ماجہ/ داراحیاء، التراث العربی بیروت ۱۳۹۵ھ/ حدیث نمبر ۲۱۹،

۱۱۔ ابوداؤد سلیمان بن اشعث/ صحیح سنن ابوداؤد البانی/ ج ۲،ص ۶۹۴، حدیث ۹۶،

۱۲۔ ابن حجر عسقلانی/ فتح الباری بشرح صحیح البخاری/ دارالریان للتراث ۱۴۰۷ھ/ ج ۱، حدیث ۱۴۳،

۱۳۔ غزالی، ابوحامد محمد بن محمد/ احیاء علوم الدین/ دارالمعرفۃ بیروت/ ج ۱،ص ۱۷۔۱۸،


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴۔ موسوعۃ نظرۃ النعیم، مطبعۃ الفہد بن عبدالعزیز المملکۃ العربیۃ السعودیہ ۱۹۹۶ء/ ج ۷، ص ۲۹۷۶،

۱۵۔ غزالی، ابوحامد محمد بن محمد/ احیاء علوم الدین/ ج ا، ص ۱۴،

۱۶۔ آئینہ حقیقت نما/ ص ۵۷،

۱۷۔ گستاولی بان، ڈاکٹر/ تمدن عرب/ مترجم: مولوی سید علی بلگرامی/ مطبوعہ مفید عام آگرہ ۱۸۹۶ء/ ص ۶۱،

۱۸۔ سورۃ النساء: آیت ۶۵

۱۹۔ مثلاً کتاب الترغیب والترہیب مصنف عبدالعظیم المنذری، کتاب المودود فی احکام المولود مصنف ابن قیم جوزی، الادب المفرد محمد بن اسماعیل البخاری وغیرہ۔

۲۰۔ تعلیم اور معاشرتی تبدیلی ڈاکٹر محمد عبدالعزیز ص/ ۳۱۶ مزید دیکھئے تعلیم میں نفسیات کی اہمیت مصنف ہربرٹ سورینس مترجم ڈاکٹر سلامت اللہ نیشنل بک ہاؤس لاہور مطبوعہ ۱۹۹۵ء

۲۱۔ اصول التربیۃ الاسلامیہ واسالیبھا فی البیت والمدرسۃ والمجتمع ص/ ۵۵

۲۲۔ ماہنامہ قومی گزٹ، کراچی جون ۱۹۹۸، مقالہ نگار، غلام مرتضی ملک، ص/ ۵۵

۲۳۔ الاجوبۃ المرضیۃ فیما سئل السخاوی عنہ من الاحادیث النبویۃ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی (تحقیق محمد اسحاق محمد ابراہیم) دارالرایۃ الریاض، الطبعۃ الاولیٰ ۱۴۱۸ھ جلد دوم ص ۔۶۸۱ مزید دیکھیں مسند احمد جلد دوم ص/ ۲۸۲، حلیۃ الاولیاء، جلد ۹ ص/ ۲۲۸

۲۴۔ صحیح البخاری/ جلد ۳، ص ۲۷۸

۲۵۔ ڈاکٹر احمد شلبی/ مسلمانوں کا نظام تعلیم/ ص، ۲۰۳

۲۶۔ تعلیم اور معاشرتی تبدیلی، ڈاکٹر محمد عبدالعزیز ص/ ۲۲۷

۲۷۔ مسلمانوں کا نظام تعلیم/ ص ۱۰


© rasailojaraid.com